# 27-11-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کا خلائی شعبہ عالمی سرمایہ کاروں کیلئے دلکش بن رہا ہے۔

۲۔آبپاشی اورسیول سپلائز کے ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے اپوزیشن پارٹیوں پر الزام لگایا ہے کہ وہ ریاست کی صنعتی پالیسی کے بارے میں غلط اطلاعات پھیلا رہی ہیں۔

۳۔تلنگانہ ہائی کورٹ نے تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن گروپ II ریکروٹمنٹ میں امیدواروں کے انتخاب کی تنسیخ کے سنگل جج کے فیصلہ کو معطل کردیا ہے۔

اور

۴۔ریاست میں پنچایت انتخابات کے پہلے مرحلہ کیلئے نامزدگیاں داخل کرنے کا عمل آج شروع ہوا۔

HIGH COURT:

تلنگانہ ہائی کورٹ نے 2015-16ء کیلئے تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن گروپ II ریکروٹمنٹ میں منتخب امیدواروں کو راحت پہنچائی ہے۔ چیف جسٹس کی زیرقیادت ڈویژن بنچ نے واحد جج کے سابقہ فیصلہ کو معطل کردیا۔ واحد جج نے بھرتی کے عمل کو منسوخ کردیا تھا اور امیدواروں کے انتخاب کو کالعدم قرار دیا تھا۔تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن کی جانب سے دائر کی گئی اپیل پر سماعت کے دوران ہائی کورٹ نے عبوری احکام جاری کیئے۔اس سے قبل ہائی کورٹ نے 2015-16ء کے گروپ II کے نتائج کو منسوخ کردیا تھا اور 24 اکتوبر 2019ء کو جاری کی گئی منتخب امیدواروں کی فہرست کو کالعدم قرار دیا تھا۔

ELECTIONS:

ریاست میں پنچایت انتخابات کے پہلے مرحلہ کیلئے نامزدگیاں داخل کرنے کا عمل آج شروع ہوا۔ پہلے مرحلہ میں 189 منڈلوں میں سرپنچوں کی 4236 نشستوں اور وارڈ ممبرس کی 37440 نشستوں کیلئے رائے دہی ہوگی۔ نامزدگیاں 29 نومبر تک وصول کی جائیں گی۔ ان کی جانچ پڑتال 30 نومبر کو ہوگی۔ جانچ پڑتال کے فیصلوں کے بارے میں عرضیوں کو سماعت کیلئے یکم دسمبر کو قبول کیا جائے گا۔ نامزدگیاں واپس لینے کی آخری تاریخ 3 دسمبر ہے۔ پہلے مرحلہ کے انتخابات 11 دسمبر کو ہوں گے اور ووٹوں کی گنتی اسی دن عمل میں آئے گی۔ اس دوران ریاستی الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ عوام اپنی شکایتیں اس کی ویب سائٹ پر درج کراسکتے ہیں۔ کمیشن نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد شفافیت اور جوابداری پر مبنی انتخابات کو فروغ دینا ہے۔ عوام کی شکایتوں کے ازالہ کے ذریعہ جمہوریت کو مستحکم کرتے ہوئے ان کے اندر ذمہ داری کا احساس پیدا کیا جائے گا۔

ACCIDENT:

محبوب نگر میں قومی شاہراہ 167 پر آج ایک لاری اتھنال ٹینکر سے ٹکرا گئی جس کے نتیجہ میں ٹینکر کا ڈرائیور جھلس کر فوت ہوگیا۔ یہ حادثہ ہنواڑہ منڈل میں پلی گنڈو کے قریب پیش آیا۔ لاری اور ٹینکر میں تصادم کے نتیجہ میں آگ بھڑک اٹھی جس نے چند سکنڈ کے اندر ٹینکر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ ڈرائیور کو اپنی جان بچانے کا موقع نہیں ملا۔ لاری کے ڈرائیور کو مقامی افراد نے بتایا لیا۔ حادثہ کی اطلاع ملنے پر فائر بریگیڈ کا عملہ وہاں پہنچا اور تین گھنٹوں کی جدوجہد کے بعد تین فائر انجنوں کی مدد سے آگ کو بجھایا۔

TEXTILES:

مرکزی حکومت نے ٹکسٹائل کے شعبہ کیلئے تحقیق، تجزیہ، منصوبہ بندی اور اسٹارٹ اَپ کی ایک اسکیم کو آج منظوری دے دی۔ ٹکسٹائل کے وزیر گری راج سنگھ نے بتایا کہ ٹکس ریمپس نامی یہ اسکیم تحقیق ڈیٹا اور نئی سوچ کو یکجا کرتے ہوئے ملک کے ٹکسٹائل شعبہ کو مستحکم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اسکیم ملک کو پائیداریت، ٹکنالوجی اور مسابقت میں عالمی لیڈر بنائے گی۔

PIL:

بی آر ایس کے قائدین نے جن میں ایرولا سرینواس بھی شامل ہیں، آج تلنگانہ ہائی کورٹ میں مفادِ عامہ کی ایک عرضی دائر کرتے ہوئے کابینی وزیر کے درجہ اور تمام مراعات کے ساتھ 16 سرکاری مشیروں کے تقرر کو چیالنج کیا ہے۔ تلنگانہ بھون میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سرینواس نے کہا کہ کانگریس حکومت کی جانب سے ان مشیروں کا تقرر غیر دستوری اور سرکاری رقومات کا غلط استعمال ہے۔ بی آر ایس کے لیڈر نے کہا کہ حکومت ان تقررات سے متعلق سرکاری حکم ناموں کو منظرعام پر نہیں لا رہی ہے۔

UTTAM:

آبپاشی اور سیول سپلائز کے ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے اپوزیشن پارٹیوں پر الزام لگایا ہے کہ وہ ریاست کی صنعتی پالیسی کے بارے میں غلط اطلاعات پھیلا رہے ہیں۔ گاندھی بھون میں وزرا کے ساتھ دوبدو پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نئی پالیسی کا مقصد آلودگی کو کم کرنا اور مرحلہ وار انداز میں صنعتوں کو شہری حدود کے باہر منتقل کرنا ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ حکومت کا مقصد حیدرآباد کو صاف ستھرا اور عالمی سطح پر مسابقتی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک دیرینہ مطالبہ کی

تکمیل کرتے ہوئے صنعتوں کو آوٹر رنگ روڈ کے باہر منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ انھوں نے وضاحت کی کہ اس عمل میں کرپشن کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ صنعتی تبدیلیوں سے حکومت کو آمدنی حاصل ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ بی جے پی اور بی آر ایس پالیسی کو سمجھے بغیر اس پر تنقیدیں کررہے ہیں۔ انھوں نے الزام لگایا یہ پارٹیاں حکومت کو بدنام کرنے کی مہم چلا رہی ہیں کیونکہ حکومت کے مختلف اقدامات سے عوام خوش ہیں۔

PROTEST:

حیدرآباد میں ایک پولیس سب انسپکٹر کو آئیپا دکشا کے دوران بھکتوں کا لباس پہننے کی اجازت دینے سے انکار پر حیدرآباد میں آج بھکتوں نے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ ساؤتھ ایسٹ زون پولیس کی جانب سے ایک ایس آئی کو جاری کئے گئے میمو کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے بھارتیہ جنتا یوا مورچہ کے کارکنوں اور عقیدتمندوں نے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کے دفتر کے روبرو مظاہرہ کیا۔ سخت سیکورٹی والے علاقہ میں اس وقت کشیدگی پیدا ہوگئی جب مظاہرین نے دفتر کے احاطہ میں داخل ہونے کی کوشش کی۔ پولیس نے فوری حرکت میں آتے ہوئے مظاہرین کو گرفتار کرلیا۔ ساؤتھ ایسٹ زون ڈی سی پی کے دفتر پر بھی ایسا ہی ایک احتجاجی مظاہرہ ہوا۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ پولیس ایس آئی کو اجازت نہ دینے کے اپنے حکم نامہ کو واپس لے۔ ہندو تنظیموں نے اس حکم نامہ کو امتیازی قرار دیا ہے۔

FACT CHCEK:

پولیس انفارمیشن بیورو نے کہا ہے کہ پاکستانی پروپگنڈہ سوشل میڈیا اکاؤنٹس جھوٹے دعوؤں کے ساتھ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کا ایک ویڈیو شیئر کررہے ہیں جس میں چھیڑ چھاڑ کی گئی ہے۔ پی آئی

بی کے فیکٹ چک یونٹ نے اطلاع دی ہے کہ یہ ویڈیو آرٹیفشل انٹلیجنس کی مدد سے بنائے گئے ہیں اور انتہاء پسندوں کے بارے میں عوام کو گمراہ کرنے اور ملک میں سیکولرازم کو کمزور کرنے کے لئے انہیں پھیلا جارہا ہے۔ پی آئی بی نے وضاحت کی کہ صدر جمہوریہ نے ایسا کوئی بیان جاری نہیں کیا ہے۔ پی آئی بی نے صدر جمہوریہ کا حقیقی ویڈیو بھی جاری کیا ہے۔

SKY ROOT:

وزیراعظم نریندر مودی نے حیدرآباد کے مضافات میں شمس آباد کے مقام پر ہندوستانی خلائی اسٹارٹ اَپ اسکائی روٹ کے انفینیٹی کیمپس کا آج ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ افتتاح کیا۔ وزیراعظم نے کمپنی کا پہلا مداری راکٹ وکرم ون کی بھی رسم اجرأ انجام دی۔ اس راکٹ کی مدد سے مدار میں سٹلائٹ داغے جاسکتے ہیں۔ وزیراعظم نے اپنی تقریر میں خلا کے شعبہ میں حکومت کی تاریخی اصلاحات کا ذکر کیا اور کہا کہ خلا کے شعبہ کو خانگی کمپنیوں کیلئے کھولنے کے نتیجہ میں اسکائی روٹ اور دیگر کمپنیوں نے ایجادات کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے خلائی نظام میں خانگی شعبہ کامیابی کے ساتھ ابھر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 300 سے زیادہ خلائی اسٹارٹ اَپ کمپنیاں اِس شعبہ کیلئے نئی امیدیں بن کر ابھری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اینفیٹی کیمپس بھارت کی نئی سوچ اور ایجادات اور نوجوانوں کی طاقت کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا خلائی شعبہ عالمی سرمایہ کاروں کے لئے دلکش بن رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیوکلیئر شعبہ کو بھی خانگی کمپنیوں کیلئے کھولنے کا منصوبہ ہے۔ اسکائی روٹ بھارت کی اہم خانگی خلائی کمپنی ہے جس کی بنیاد آئی آئی ٹی سے تعلیم پانے والے اور اسرو کے سابق سائنسدانوں پون چندنا اور بھارت ڈھاکہ نے ڈالی ہے۔

OM BIRLA:

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج دہلی میں لوک سبھا کے پہلے اسپیکر واسودیو ماوالنکر کو ان کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر راجیہ سبھا کے نائب صدر نشین ہری ونش، لوک سبھا کے سکریٹری جنرل اتپل کمار سنگھ اور دیگر شخصیتیں موجود تھیں۔ ماوالنکر نے احمد آباد سے بامبی لیجسلیچر لیجسلیٹیو اسمبلی کے رکن کی حیثیت سے 1937ء میں اپنے مقنّنہ کا سفر شروع کیا اور 1946ء تک اس کے اسپیکر رہے۔ انہوں نے چھٹویں سنٹرل لیجسلیٹیو اسمبلی کی صدارت کی۔ 1952ء میں پہلے لوک کی تشکیل کے بعد انہیں اتفاقِ رائے سے مئی 1952ء میں اسپیکر منتخب کیا گیا۔ انہوں نے 27 فروری 1956ء کو اپنے انتقال تک یہ ذمہ داری ادا کیا۔

ED

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے تلنگانہ اور آندھرا پردیش کے بشمول دس ریاستوں کے میڈیکل کالجوں میں تلاشیاں لی۔ یہ تلاشیاں منی لانڈرنگ کی تحقیقات کے سلسلہ میں کی گئیں۔ یہ تحقیقات رشوت کے ایک معاملہ سے جڑی ہیں جس میں مبینہ طور پر نیشنل میڈیکل کمیشن اور مختلف خانگی میڈیکل کالج شامل ہیں۔ منی لانڈرنگ کے انسداد سے متعلق قانون کے تحت 15 مقامات پر چھاپے مارے گئے۔ ان میں سات میڈیکل کالج اور اس معاملہ میں مشتبہ سمجھے جانے والے افراد کے مکانات اور دفاتر شامل ہیں۔

○○